السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بعض حضرات یہ قصہ بیان کرتے ہے کہ ایک جنگل میں کسی یہودی نے ہرنی کو شکار کیا اس طرف سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا گزر ہوا۔ ہرنی نے آپ کو دیکھ کر درخواست کی کہ میرے بچے بھوکے ہیں۔ آپ اس یہودی سے درخواست کریں کہ مجھے چھوڑ دے میں بچوں کو دودھ پلا کر واپس آجاؤں گی۔ یہودی کو اعتماد نہ ہوا تو آپ خود وہاں بیٹھ گئے۔ ہرنی گئی بچوں کو علم ہوا تو وہ بھی دودھ پلائے بغیر ماں کے ساتھ آگئے اس واقعہ کو دیکھ یہودی مسلمان ہوگیا۔ مندرجہ بالا قصہ قرآن وحدیث کی روشنی میں کیا وزن رکھتا ہے۔ تحقیقی جواب مطلوب ہے۔ جزاکم اللہ خیرا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

یہ قصہ مختلف کتب (جیسے دلائل النبوة للبیہقی (6/34-35) الدلائل لأبی نعیم الأصبھانی (273) میں مختلف الفاظ کے ساتھ موجود ہے۔ مگر اس کی سند ضعیف اور متن منکر ہے۔ اس کی سند میں یَعلی بن إبراہیم اور ان کے شیخ الہیثم بن حماد نامی دونوں راوی مجہول ہیں، لہذا اس روایت سے نہ تو کوئی استدلال کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی یہ سندا صحیح ہے۔

حافظ ابن حجر فرماتے ہیں :

«وَأما تسليم الغزالة فلم نَجِدله إسنادا إلا من وَجه قوي ولا من وَجه ضعيف .اہ»

ہرنی کے گفتگو کرنے والے واقعہ کی کوئی قوی یا ضعیف سند موجود نہیں ہے۔

امام سخاوی فرماتے ہیں :

«تسليم الغزالة، اشتهر على الألسنة وفي المدائح النبوية، وليس له كما قال ابن كثير أصل، ومَن نَسبه إلى النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقد كذب .اہ.»

ہرنی کے بات کرنے کا واقعہ مدائح نبویہ میں بہت زیادہ بیان کیا جاتا ہے، حالانکہ حقیقت میں۔ جیسا کہ امام ابن کثیر نے بیان کیا ہے۔ اس کی کوئی اصل نہیں ہے، جو اس کو نبی کریم ﷺ کی طرف منسوب کرتا ہے، وہ آپ پر جھوٹ باندھتا ہے۔

ہذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1